الفوائد البهية

شرح

الدُّرَّةِ المُضِيئَةِ

www.KitaboSunnat.com

تالیف

استاذ القراء قاری ابوالحسن علی اعظمی
صدر شعبہ تجوید دار العلوم دیوبند

٢
ـف

قرائت اکیڈمی
لاهور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے
کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

اَلْفَوَائِدُ الْبَهِيَّة

فِی شَرح

اَلدُّرَّةُ الْمُضِیئَة

فی القراءات الثلاث المتممة للقراءات العشر

مؤلف

استاذ القراء قاری ابوالحسن علی اعظمی

صدر شعبہ قرآءت دارالعلوم دیوبند

www.KitaboSunnat.com

قرآءت اکیڈمی ®

28 - الفضل مارکیٹ 17 - اردو بازار لاہور

Ph.: 042 - 7122423

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

235
ا ب و ص

بسم اللہ الرحمن الرحیم
نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

انتباہ

قرآءت اکیڈمی (رجسٹرڈ) کی جملہ مطبوعات کے حقوق طباعت کاپی رائٹ ایکٹ کے تحت محفوظ ہیں کوئی صاحب یا ادارہ قرآءت اکیڈمی (رجسٹرڈ) کی بغیر اجازت نقل یا اشاعت کرنے کا مجاز نہیں ہے بصورت دیگر قانونی چارہ جوئی کی جائے گی۔

لیگل ایڈوائزر: شفیق احمد چاولہ۔ ایم۔ اے ایل ایل بی ایڈووکیٹ لاہور ہائی کورٹ

نام کتاب ------ الفوائد البهية شرح الدرة المضية
تالیف ------ قاری ابوالحسن اعظمی
ناشر ------ قرآءت اکیڈمی (رجسٹرڈ) لاہور
سرورق ڈیزائن ------ یونک گرافکس۔ الفضل مارکیٹ اردو بازار لاہور 0300-4240141

857

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فہرست عنوانات

مضامین	صفحہ	مضامین	صفحہ
پیش لفظ	۴	باب فرش الحروف	۲۶
اصطلاحات	۹	سورۃ البقرۃ	۲۷
رموز و طریقۂ بیان	″	سورۃ آل عمران	۳۲
باب البسملۃ و ام القرآن	۱۲	من سورۃ النساء الی سورۃ الانعام	۳۴
باب الادغام الکبیر	″		
هاء الکنایۃ	۱۳	من سورۃ الاعراف الی سورۃ الرعد	۳۷
المد والقصر	۱۵		
الھمزتان من کلمۃ	″	من سورۃ ابراھیم علیہ السلام الی سورۃ الکھف	۴۲
استفہام مفرد	″		
الھمزتان من کلمتین	۱۶	من سورۃ مریم علیھا السلام الی سورۃ الفرقان	۴۵
الھمز المفرد	″		
النقل والسکت والوقف علی الھمز	۱۹	من سورۃ الشعراء الی سورۃ یٰسٓ علیہ السلام	۴۹
الادغام الصغیر	″		
النون الساکنۃ والتنوین	۲۰	من سورۃ الصّٰفّٰت الی سورۃ القمر	۵۳
الفتح والامالۃ	۲۱		
الراءات واللامات والوقف علی المرسوم	″	من سورۃ الرحمٰن عزّوجل الی آخر القرآن	۵۷
باب یاء الاضافۃ	۲۲	خاتمہ	۶۱
باب یاءات الزوائد	۲۴		

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

علمی دنیا کے لئے فرید دہر حضرت العلامۃ المحقق الامام ابوالخیر شمس الدین محمد.... ابن الجزریؒ (م ۸۳۳ھ) کی شخصیت محتاج تعارف نہیں، اہل علم آپ کی عظیم علمی خدمات سے واقف ہیں، جس طرح آپ ایک عظیم المرتبت محدث اور فقیہ تھے اسی طرح دیگر علوم میں بھی آپ مہارت اور کمال رکھتے تھے، چنانچہ تفسیر، حدیث اور فقہ وغیرہ میں قابل قدر اور اہم تصانیف آپ کی یادگار ہیں۔ مگر آپ کا مخصوص فن "قراءت" تھا۔ تقریباً ڈیڑھ درجن کتابیں تجوید وقرارت میں ہیں۔ شعروشاعری سے آپ کو فطری ذوق تھا، اس ملکہ سے آپ نے قرآن وحدیث کی بڑی خدمات انجام دیں۔ تجوید وقرارت کے اصول وضوابط منضبط کئے، آپ کے شہرۂ آفاق قصائد میں "الدرۃ المضیئۃ" (۲۴۰ اشعار) کو ایک خاص مقام حاصل ہے۔ یہ سبعہ کے بعد والی تین قرارات میں ہے، یہ قصیدہ بھی اپنی گوناگوں خصوصیات کے باعث اہل فن کی توجہات کا مرکز رہا ہے۔ علماء اور قراء نے اس کی شرحیں لکھیں، اسے سہل اور آسان کرنے کی کوششیں کیں، ضرورت تھی کہ اپنے ملک ہندوستان میں بھی اسے حل کرنے کا کوئی سامان ہوتا، راقم کی محدود معلومات کے مطابق اس وقت اس کی کوئی شرح دستیاب نہیں ہے چنانچہ طلبہ اور اساتذہ کو جو دقتیں پیش آسکتی ہیں وہ ظاہر ہے۔

آج سے کچھ دنوں پہلے ہمارے عزیز دوست مولانا قاری محمد ابراہیم صاحب سلمہ رنگونی استاذ قرارت مدرسہ رحمانیہ ہنورہ باندہ نے اس کی جانب توجہ دلائی، اس کی تشریح و تسہیل کی فرمائش کی موصوف کی فرمائش پر باوجود دیگر اشغال وافکار کے اس کام کا ارادہ کرلیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زیر نظر تالیف کے لئے اوّلاً "نفیس شرح "البهجة المرضية" للاستاذ الفاضل الشیخ علی ابن محمد الشهیر بالضباع، تصنیف ۱۳۳۱ھ پیش نظر رہی۔ ثانیاً "الفرقة المرضية" للشیخ الامام المقری فتح محمد مدظلہ العالی، تصنیف ۱۳۸۰ھ سے بیش قیمت مدد ملی، بلکہ اگر یہ کہا جائے کہ زیر نظر تالیف مؤخر الذکر کی تلخیص ہے تو زیادہ صحیح ہوگا۔ اللہ تعالیٰ دونوں حضرات کو اپنی شان کے مطابق جزائے خیر عطا فرمائے، آمین! عزیز محترم مولانا محمد ابراہیم صاحب رنگونی کو بھی اللہ تعالیٰ دارین کی سعادتوں سے نوازے کہ موصوف کی فرمائش پر اس کام کی جانب توجہ ہوئی۔ اللہ تعالیٰ محض اپنے لطف وکرم سے اسے قبول فرمائے اور زاد آخرت بنائے آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی رسولہ خاتم النبیین وعلی آلہ واصحابہ اجمعین

ابو الحسن اعظمی
خادم شعبۂ تجوید وقراءت دار العلوم دیوبند
۲۰ رجب المرجب ۱۴۰۷ھ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صاحبِ قصیدہ کا مختصر تعارف

علامہ شمس الدین محمد بن محمد بن محمد بن علی بن یوسف جزری جو "امام جزری"، "یا محقق جزری" کے لفظ سے یاد کیے جاتے ہیں۔ ۲۵ رمضان ۷۵۱ھ میں دمشق میں پیدا ہوئے، اولاً قرآن حفظ کیا، پھر ابتدائی علوم کی تحصیل کی، اس کے بعد قرارت سبعہ افراداً پڑھ کر ۷۶۸ھ میں جمعاً پڑھیں۔ پھر حج کیا اور ۷۶۹ھ میں مصر گئے، وہاں کے شیوخ سے پہلے دس، پھر بارہ، پھر تیرہ قرارات پڑھیں۔ پھر دمشق قاہرہ اور اسکندریہ وغیرہ کے شیوخ سے حدیث فقہ وغیرہ علوم کی تکمیل کی اور متعدد بار قرارات پڑھیں ۷۸۹ھ تک تمام شیوخ نے اجازت مرحمت فرمادی۔ صرف قرارات میں آپ کے شیوخ چالیس کے قریب ہیں۔ اسی وقت سے پڑھانا شروع کر دیا۔ ۷۹۳ھ میں شام کے قاضی مقرر ہوئے۔ پانچ سال بعد یہاں سے روم چلے گئے۔ ۷۹۸ھ سے ۸۰۵ھ تک سلطان بایزید کے یہاں بر وصہ میں بڑی عزت کے ساتھ رہے۔ ۸۰۷ھ میں تیمور کے انتقال کے بعد خراسان چلے گئے۔ ہرات، یزد اور اصفہان میں کچھ عرصہ ٹھہر کر شیراز میں مقیم ہو گئے، یہاں ایک مدرسہ "دار القراء" کے نام سے قائم کیا۔ ۸۲۳ھ میں مکہ مکرمہ پہنچے اور تقریباً دو سال حرمین میں مقیم رہے، اس کے بعد پھر شیراز چلے گئے اور تاحیات وہیں مقیم رہے۔

۵ ربیع الاول ۸۳۳ھ جمعہ کے دن بعمر ۸۲ سال قرآن کریم اور علوم شرعیہ کی خدمت کرتے ہوئے شیراز میں وفات پائی۔ "دار القراء" میں مدفون ہوئے،

اللھم اغفر لہ وارحمہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۱۔ قُلِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِیۡ وَحۡدَهٗ عَلَا وَمَجِّدۡهُ وَاسۡئَلۡ عَوۡنَهٗ وَتَوَسَّلَا

ت :۔ تم کہدو کہ تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جو (اپنی خوبیوں میں) یکتا ہوتے ہوئے (سب سے بلند ہے، اور (ہر طرح سے) اس کی تعظیم کرو اور اس کی مدد کا سوال کرو اور (جملہ امور میں اسی کی طرف) ضرور وسیلہ تلاش کرو۔ (قرآن و سنت کی اتباع میں کتاب کا آغاز بسم اللہ اور حمد سے کیا ہے)

۲۔ وَصَلِّ عَلٰی خَیۡرِ الۡاَنَامِ مُحَمَّدٍ... وَسَلِّمۡ وَاٰلٍ وَّالصِّحَابِ وَمَنۡ تَلَا

ت :۔ اور خیر الانام محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود و سلام بھیجو، اور (آپ کی) آل و اصحاب پر اور ان (تابعین) پر بھی جنھوں نے آپ کی پیروی کی۔

۳۔ وَبَعۡدُ فَخُذۡ نَظۡمِیۡ حُرُوۡفَ ثَلٰثَةٍ یَتِمُّ بِهَا الۡعَشۡرُ الۡقِرَاءٰتُ وَانۡقُلَا

ت :۔ اور بعد الحمد والصلوٰۃ تم میری، قراءِ ثلثہ کی اُن وجوہ کی نظم کو قبول کرلو جن کے ذریعے قراءاتِ عشرہ پوری ہوجائیں گی، اور تم ان (قراءات) کو نقل بھی کرو

۴۔ کَمَا هُوَ فِیۡ تَحۡبِیۡرِ تَیۡسِیۡرِ سَبۡعِهَا فَاَسۡاَلُ رَبِّیۡ اَنۡ یَّمُنَّ فَتَکۡمُلَا

ت :۔ یہ (دُرّہ کا مضمون) اسی طرح کا ہے جس طرح تیسیر قراءات سبعہ کی تَحۡبِیۡر میں ہے۔ پس میں اپنے رب سے عنایت کی درخواست کرتا ہوں کہ یہ نظم بھی مکمل ہوجائے۔

محقق جزری کی ایک کتاب "تَحۡبِیۡرُ التَّیۡسِیۡر" ہے جس میں انھوں نے قراءاتِ عشرہ کو بطریق تیسیر بیان فرمایا ہے تحبیر التیسیر یعنی تیسیر کو خوبصورت بنا دینا، کیونکہ تیسیر سبعہ میں ہے اور تحبیر عشرہ میں ہے اس طرح تیسیر مکمل اور مزین ہوگئی۔ "کَمَا هُوَ" کی تشبیہ کا مطلب یہ ہے کہ "دُرّۃ" اور "تَحۡبِیۡر" کے طرق ایک ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ائمہ اور ان کے رواۃ

۵ اَبُوْجَعْفَرٍ عَنْهُ ابْنُ وَرْدَانَ نَاقِلٌ   كَذَاكَ ابْنُ جَمَّازٍ سُلَيْمَانُ ذُو الْعُلَا

ت:- (پہلے امام) ابوجعفر ہیں ان سے (وجوہِ قراءت کے) ناقل (ان کے پہلے راوی) ابن وردان ہیں (اور) اسی طرح (دوسرے راوی) سلیمان ابن جماز بلندی والے ہیں

سبعہ کے بعد تین قراءات کے پہلے امام ابوجعفر یزید ابن القعقاع المدنی مخزومی ہیں۔ آپ تابعی ہیں، امام نافع مدنی کے جلیل القدر شیوخ میں سے ہیں۔ مدینہ میں اس فن کے سب سے بڑے امام آپ ہی تھے، فن قراءت کی امامت آپ پر (۱۲۳ھ) منتہی ہوتی تھی غسل دیئے جانے کے وقت لوگوں نے آپ کے سینے اور گلے کے درمیان قرآن عزیز کے ورق کی طرح سفید سی ایک چیز دیکھی جس سے حاضرین کو اس بات کا یقین ہوگیا کہ یہ نور قرآنی ہے۔ خواب میں ملاقات ہوئی تو آپ نے فرمایا کہ میرے تلامذہ اور ان سب حضرات کو جو میری قراءت پڑھتے ہیں بخش دیئے جانے کی خوشخبری سنا دو، ان سب کے سلسلے میں میری دعا قبول ہوگئی۔ آپ نے قراءت اپنے مولیٰ عبداللہ ابن عیاش مخزومی اور عبداللہ ابن عباس ہاشمی اور سیدنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے پڑھی۔ ان تینوں حضرات نے سیدنا حضرت اُبَیّ ابن کعب رضی اللہ عنہ سے، اور آپ نے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم سے امام ابوجعفرؒ کا سن وفات ۱۳۰ھ ہے (نشرج ا ص۱۷۸ غایۃ النہایہ ج ۲ ص۳۸۲) آپ کے راوی اول عیسیٰ ابن وردان مدنی ہیں وفات ۱۶۰ھ راوی دوم ابن جماز ہیں وفات ۱۷۰ھ (نشرج ص۱۷۹)

۶ وَيَعْقُوبُ قُلْ عَنْهُ رُوَيْسٌ وَّرَوْحُهُمْ   وَإِسْحٰقُ مَعْ إِدْرِيسَ عَنْ خَلَفٍ تَلَا

ت:- اور تم کہہ دو کہ یعقوب جو ہیں اُن سے رُوَیس اور قراء میں سے رَوح نے (وجوہِ قراءت کو) نقل کیا ہے۔ اور اسحٰق مع ادریس نے امام خلف سے پڑھا ہے۔

دوسرے امام ابو محمد یعقوب ابن اسحٰق حضرمی بصری ہیں، بصرہ میں ابوعمرو بصری کے بعد قراءت کی ریاست وامامت آپ ہی پر منتہی ہوتی تھی، علم نحو میں منفرد اور حروف قرآن اور احادیث فقہاء کی روایت میں آپ فائق الاقران تھے، برسہا برس آپ جامع بصرہ میں امام رہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آپ نے دیگر شیوخ کے علاوہ حسب روایت ابن المنادی، ابو عمرو بصری سے بھی پڑھا ہے۔ (غایۃ النہایۃ ج ۲ صہ ۳۸۶) آپ نے ذی الحجہ ۲۰۵ھ میں بعمر ۸۹ سال وفات پائی۔ آپ سے روایت کرنیوالے ابو عبداللہ محمد ابن لُولُوی عرف رُوَیس (م ۲۳۸ھ) اور رَوح ابن عبدالمومن (م ۲۳۴ھ یا ۲۳۵ھ) ہیں۔ (نشرج ا صہ ۱۸۶ / ۱۸۷ غایۃ النہایۃ ج ۲ صہ ۳۸۹)

تیسرے امام خلف ابن ہشام بزار بغدادی ہیں۔ بڑے درجہ کے عالم، ثقہ زاہد اور عابد تھے، فرماتے ہیں کہ مجھے نحو کے ایک مسئلہ میں مشکل پیش آئی، میں اسے حل کرنے کے لئے اسی ہزار ۸۰۰۰۰ روپیے خرچ کئے، آپ کی ولادت ۱۵۰ھ اور وفات ۲۲۹ھ ہے (نشرج ا صہ ۱۹۱ غایۃ النہایۃ ج صہ ۲۷۳) آپ کے راوی اول ابو یعقوب اسحٰق ابن ابراہیم وَرّاق ہیں (م ۲۸۶ھ) دوسرے راوی ابوالحسن ادریس ابن عبدالکریم ہیں (م ۲۹۲ھ)

اصطلاحات

۸۔ لِثَانٍ اَبُو عَمْرٍو وَّالْاَوَّلِ نَافِعٌ ۔ وَثَالِثُهُمْ عَنْ اَصْلِهٖ قَدْ تَاَصَّلَا

ت:۔ دوسرے امام (یعقوب حضرمی) کے لئے ابو عمرو (بصری کی قرارت اصل) ہے اور پہلے امام (ابو جعفر) کے لئے نافع (کی قرارت اصل) ہے اور ان میں کے تیسرے (امام خلف) نے اپنی اصل (امام حمزہ) سے جڑ اور مضبوطی حاصل کی ہے۔ (امام خلف بزار کی اصل امام حمزہ کی قرارت ہے)

یعنی ان تینوں حضرات کی قراءات کے اکثر کلمات بالترتیب ان کی اصول کی طرح ہیں یعنی جہاں یہ حضرات اپنی اصلوں کے خلاف کریں گے وہاں اسے بیان کر دیا جائے گا اور جہاں موافق ہوں گے وہاں بیان نہیں کریں گے۔

رموز وطریقہ بیان

۹۔ وَرَمْزُهُمْ ثُمَّ الرُّوَاةُ كَاَصْلِهِمْ ۔ فَاِنْ خَالَفُوْا اَذْكُرْ وَاِلَّا فَاَهْمِلَا

ت:۔ اور ان ائمہ ثلاث اور ان کے رواۃ کے لئے رمز ان کے اصلوں (ہی) کی طرح ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پس اگر یہ (اپنی اصلوں کے) برخلاف پڑھیں تو میں (وہاں اس کو) ذکر کردوں گا ورنہ چھوڑ دوں گا

ان قراء نے اپنی اصلوں کے خلاف کم پڑھا ہے اس کا طریقۂ بیان یہ ہوگا کہ موافق صورتوں میں بیان کی حاجت نہ ہوگی ان کی اصلوں ہی کی طرح سمجھ لیا جائے، مخالفت کی صورت میں خلاف کو ذکر کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ ان ائمہ ثلاث کی قراءات کا استخراج ان کے اصول کے قراءات کے حفظ اور یاد پر موقوف ہے۔

محقق جزری نے اپنے اس قصیدے میں رموز اور طریقۂ بیان کے اختیار میں علامہ شاطبیؒ کی اتباع کی ہے یعنی امام ابوجعفر کے لئے مثل امام نافع مدنی آ اور دونوں راویوں کے لئے بآ اور جیم، اسی طرح یعقوب حضرمیؒ کے لئے مثل امام ابوعمرو بصری ح اور دونوں رواۃ کے لئے طآ اور یآ اور خلف بزارؒ کیلئے مثل امام حمزہ فآ، راویوں کے لئے ضآ اور قآ استعمال کیا ہے۔ چونکہ امام خلف بزارؒ کے راویوں نے باہم اختلاف نہیں کیا ہے اس لئے اس قصیدہ میں صرف فآ کا رمز استعمال ہوا ہے۔ اسی طرح کلمہ قرآنی کے ذکر کے بعد رمز حرفی لائے ہیں، فصلِ مسائل کے لئے واؤ فاصل استعمال کیا ہے، اسی طرح جہاں کہیں اتصال سے التباس کا اندیشہ نہیں ہے وہاں واؤ فاصل کا استعمال نہیں کیا ہے۔

۹ وَإِنْ كِلْمَةٌ أُطْلِقَتْ فَالشُّهْرَةُ اعْتَمِدْ ۔۔۔ كَذَلِكَ تَعْرِيفًا وَتَنْكِيرًا سُجِّلَا

ت بـ- اور اگر میں کوئی کلمہ مطلق (بلا قید) بیان کردوں تو تم اس کی شہرت پر اعتماد کرلو اور اسے مقید سمجھو) اسی طرح معرف باللام لانے اور نکرہ لانے کو بھی مطلق سمجھو، (یعنی اس کی قیود کو تم اس کلمہ سے متعلق کر کے سمجھو، اسی طرح کسی کلمہ کو معرفہ یا نکرہ کی صورت میں بیان کیا جائے تو اس کے حکم کو ہر دو حالت کے لئے سمجھا جائے۔ مثالوں سے سمجھئے. کلمہ کو بلا قید لانے کی چار صورتیں ہیں ۱ کلمہ اختلافی ایک سے زائد جگہ آرہا ہو اور قاری مذکور نے اپنی اصل کے خلاف ہر جگہ پڑھا ہو مگر نظم میں عموم کے اظہار کے لئے لفظ مَعًا یا حَيْثُ وَقَعَ جیسا کوئی لفظ نہ ہو جیسے شعر ۸۳ (سورہ بقرہ) دِفَعُ خُطُوَ یعقوب نے اپنی اصل کے خلاف پڑھا، یہ لفظ یہاں ۲۵۱ اور سورہ حج ۴۰ دونوں جگہ ہے لیکن مَعًا یا حَيْثُ وَقَعَ جیسے کسی لفظ کی قید نہیں ہے

www.KitaboSunnat.com

کیونکہ یہ مشہور ہے کہ انھوں نے دونوں ہی جگہ اپنی اصل کے خلاف کیا ہے اسی شہرت پر اعتماد کرتے ہوئے مطلق ذکر کیا۔ ۲ کلمۂ قرآنی تو متعدد جگہ آرہا ہے مگر قاری نے ہر جگہ اصل سے اختلاف نہ کیا ہو مگر نظم میں کسی خاص جگہ کے اختلاف کے اظہار کے لئے مثلاً لفظ ھُنَا وغیرہ نہ ہو، اس کی دو صورتیں ہیں ۱ کلمہ کی دیگر نظیریں اختلافی ہوں اور قاری مذکور ان دوسری نظیروں میں متفق ہو اس کی مثال شعر ۱۱ سورۂ انعام ع۱۲ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ یعقوب نے یہاں خلاف اصل بحذفِ الف پڑھا ہے۔ اس مقام پر سورۂ انعام کی تخصیص کے لئے کوئی قید نہیں ہے شہرت پر اکتفا کیا کہ صرف اسی سورت میں اختلاف کیا ہے۔ باقی یونس ع۱۰ و ع۱۱ غافر ع۱ میں دونوں حذف الف میں متفق ہیں۔ ۲ کلمۂ اختلافی کی دوسری نظیریں اجماعی ہوں جیسے شعر ۲۴ بابُ الهمزتین من کلمۃٍ میں وَاِنَّكَ لَاَنْتَ (۱) ذ ابوجعفر کے لئے سورۂ یوسف کا یہ لفظ بہمزۂ واحدہ ہے اور سورۂ ہود میں سبھی کے لئے ایک ہمزہ ہے مگر یوسف کی تخصیص کے لئے کوئی قید نہیں، شہرت پر اعتماد کیا۔ بلا قید ذکر کی تیسری صورت یہ ہے کہ کلمۂ اختلافی کے ساتھ رفع، تذکیر، غیبت کے مقام بیان کے لئے کوئی قید نہ ہو، کلمہ مطلق ذکر کیا ہو جیسے شعر ۹۴ سورۂ نساء میں فَوَاحِدَةً مُّعَهٗ قِيٰمًا الخ ابوجعفر کے لئے برفع التاء ہے مگر رفع کی قید نظم میں نہیں ہے، اسی طرح شعر ۹۶ میں وَلَا يُظْلَمُوْا (۱) د (یاء الخ اور شعر ۱۶۲ سورۂ طٰہٰ میں يَأْتِهِمْ رَبُّكُمْ) ان دونوں مثالوں میں بالترتیب یاء رغیبت اور یاء تذکیر کے لئے کوئی قید نہیں چوتھی صورت ہے مثل شاطبیؒ کے کہ کلمۂ قرآنی کا صرف تلفظ کر دیں اس کی حرکات وغیرہ کیلئے کوئی قید نہ ہو، تلفظ ہی کو کافی سمجھ لیں جیسے شعر ۱ و مٰلِكِ (حُزْ) فُزْ الخ سورہ فاتحہ میں۔

شعر ۹ کے دوسرے مصرعہ میں دوسرا قاعدہ ذکر فرمایا کہ جو حکم معرف باللام کے لئے ہوگا وہی نکرہ کے لئے بھی ہوگا مگر شہرت پر اعتماد کرتے ہوئے بلا قید ذکر ہوگا حالانکہ ظاہرِ نظم سے وہم ہوگا کہ یہ حکم خاص ہے معرفہ کے لئے جیسے شعر ۷۴ سورہ بقرہ میں ... وَالْعُسْرَ وَالْيُسْرَ اُنْقِلَا کہ یہ کلمات دونوں صورتوں میں (معرفہ ہوں یا نکرہ) بذریعہ ضمہ ثقیل کئے گئے ہیں (ابوجعفر کے لئے)

(البهجة المرضية حاشیہ ابراز ص۳۹ تا ص۶۱)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الْبَسْمَلَةِ وَاُمِّ الْقُرْاٰنِ

۱۰ وَبَسْمَلَ بَيْنَ السُّوْرَتَيْنِ (ا) ثَمَّةٌ وَمٰلِكِ (حُز (فُهُزْ وَالصِّرَاطَ فَاسْجِلَا

ت:- اور بین السورتین ائمہ نے ابوجعفر کے لئے بسم اللہ پڑھی ہے۔ اور مٰلِكِ میں یعقوب وخلف کے لئے بالالف پڑھو، (ذہن میں جمع کرلو اور کامیاب ہوجاؤ) اور الصِّرَاطَ وصِرَاطَ معرفہ ونکرہ دونوں کو ہر جگہ) خلف کے لئے خالص صاد (بغیر اشمام کے) پڑھ کر (قید وبند سے) آزاد کردو۔

۱۱ وَبِالسِّينِ (طِبْ وَاكْسِرْ عَلَيْهِمْ اِلَيْهِمْ لَدَيْهِمْ (فَهَنِّيْ وَالضَّمُّ فِيْ اَلْهَاءِ (حُـ)لِلَا

۱۲ عَنِ الْيَاءِ اِنْ تَسْكُنْ سِوَى الْفَرْدِ وَاضْمُمَنْ تَرُلْ (طِ)بَاب (اِ)لَّا مَنْ يُوَلِّهِمْ فَلَا

ت:- اور صراط کو رُوَیس کے لئے بالسین (پڑھ کر) خوش ہوجاؤ۔ اور رائے جوان اُمِّ خلف کے لئے عَلَيْهِمْ، اِلَيْهِمْ اور لَدَيْهِمْ کی ھاء کو کسرہ دو اور یار ساکنہ کے بعد ہو تو یعقوب کے لئے ھار میں ضمہ جائز کردیا گیا ہے، سوائے واحد (مذکر غائب کی ضمیر) کے (جیسے فیہ وغیرہ کہ اس میں ان کے لئے بھی ھار کا کسرہ ہے) اور اگر یہ یار ساکنہ (کسی جزم یا بنار کے باعث) زائل (و حذف ہوجائے تو رُوَیس کے لئے ھار کا ضمہ ہے جو عمدہ ہوگیا ہے سوائے لفظ وَمَنْ يُوَلِّهِمْ کے کہ یہ ضمہ سے جدا ہے۔ (جیسے اٰتِهِمْ، يُخْزِهِمْ وغیرہ۔ اور مَنْ يُوَلِّهِمْ میں رُوَیس مثل دیگر حضرات کے ہیں۔

۱۳ وَصِلْ ضَمَّ مِيْمِ الْجَمْعِ (ا)صِلْ قَبْلَ سَا كِنٍ اَتْبِعْ (حُـ)زْ غَيْرُهُ اَصْلَهُ تَلَا

ت:- اور تم یزید کے لئے میم جمع کے ضمہ کا صلہ کردو یہ اصل ہے۔ اور ساکن سے پہلے یعقوب کے لئے (میم کی حرکت کو ھار کی حرکت کے) تابع کردو (اور تم اسے اپنے ذہن میں جمع کرلو) یعقوب کے سوا (یزید وخلف) نے اپنی اصل کی اتباع کی ہے۔

بَابُ الْاِدْغَامِ الْكَبِيْرِ

۱۴ وَبِالصَّاحِبْ (ا)دْغِمْ (حُـ)طُوْا نَسَبَ (طِ)بْ نَسُبَ بِحَكَ نَذْكُرَكَ اِنَّكَ جَعَلَ خُلْفُ ذَا وِلَا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵ۡ یَنۡخُلۡ قَبۡلُ مَعَ اَنَّہٗ النَّجۡمِ مَعۡ ذَھَبۡ   کِتَابَ بِاَیۡدِیۡھِمۡ وَبِالۡحَقِّ اَوۡ لَا

ت :- اور تم وَالصَّاحِبِ (بِالۡجَنۡبِ نساءع) میں یعقوب کے لئے ادغام کرو (اس کو محفوظ کرلو) اور فَلَا اَنۡسَابَ (بَیۡنَھُمۡ مومنون ع) اور نُسَبِّحَكَ (كَثِیۡرًا) اور نَذۡكُرَكَ (كَثِیۡرًا) اِنَّكَ (كُنۡتَ طٰہٰ ع) میں رویس کے لئے ادغام کرو اور خوش ہو جاؤ اور جَعَلَ (لَكُمۡ کا ادغام) بالخلف ہے جو نحل (ع ع) میں (۸ جگہ) ہے دراں حالیکہ یہ جَعَلَ ان دونوں رکوعوں میں) بیہم آنے والا ہے اور (لا) قَبۡلَ (لَھُمۡ نمل ع نجم (ع) کے وَاَنَّہٗ ھُوَ) سمیت اور لَذَھَبَ (بِسَمۡعِھِمۡ بقرہ ع اور) اَلۡكِتَابَ بِاَیۡدِیۡھِمۡ (بقرہ ع سمیت اور) الۡكِتَابَ (بِالۡحَقِّ) (بقرہ ع) کا جو موضع اول میں ہے (ان سب کا ادغام بھی رویس کے لئے ہے) جَعَلَ سے اَلۡكِتٰبَ بِالۡحَقِّ کے سولہ کلمات میں خلف ہے یعنی ادغام و اظہار دونوں ہیں۔

۶ وَرُمۡ دُمۡ مَحۡضٌ تَاۡمَنَّا تَمَارٰی (حُلًا نَفَكَّـــرُوۡا) طِبۡ تُمِدُّوۡنَنِیۡ (حَوٰی) ظُھۡرُنَ كَفٰلًا

ت :- اور تم یزید کے لئے لَاتَاۡمَنَّا (یوسف ع) میں ادغام محض کو تابع کر لو۔ اور یعقوب کے لئے (رَبِّكَ) تَتَمَارٰی (نجم ع کا ادغام) حسین ہے (اور تم تَتَفَكَّرُوۡا (سبا ع میں) رویس کے لئے (وصلًا ادغام سے خوش ہو جاؤ۔ (اور) اَتُمِدُّوۡنَنِیۡ (نمل ع کے ادغام) کو یعقوب نے جمع کیا ہے۔ (اور) خلف کے لئے اس لفظ کو ضرور بالاظہار پڑھو۔

۷ كَذَا التَّاءُ فِیۡ صَفًّا وَزَجۡرًا وَتِلۡوِہٖ   وَذَرۡوًا وَصُبۡحًا عَنۡہُ بَیَّتَ فِیۡ حُلًا

ت :- اسی طرح خلف کے لئے (ان چھیوں کلمات سے پہلے آنیوالی تا رکا ان کلمات کے حرفوں میں اظہار ہے) صَفًّا اور زَجۡرًا میں اور زَجۡرًا کے بعد آنے والے ذِكۡرًا اور ذاریات میں ذَرۡوًا) میں (اور) بَیَّتَ (طَائِفَةٌ نساء ع میں اظہار) خلف اور یعقوب کے لئے خوبیوں والا ہے۔

ھَاءُ الۡكِنَایَةِ

۸ وَسَكِّنۡ یُؤَدِّہٖ مَعۡ نُوَلِّہٖ وَنُصۡلِہٖ   وَنُؤۡتِہٖ فَاَلۡقِہٖ (رًا) لِوَا الۡقَصۡرُ حُمِّلَا

ت :- اور تم ان پانچوں کلمات کی ہا کو بالترتیب (آل عمران ع دونوں، نساء ع، آل عمران ع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شوریٰ ع۲ میں اور نمل ع۲) یزید کے لئے ساکن پڑھو، یہ (سکون از روئے نقل) لوٹا ہے۔ اور یعقوب کے لئے (ان سب کلمات میں) حرکت مع القصر (عدم صلہ) روایت کیا گیا ہے۔ یعنی یُؤَدِّهٖ وغیرہ۔

۱۹۔ وَيَتَّقْهِ حُمْ حُزْ وَسَكِّنْ بِهِ وَبِرْ صَفَا حُجَّا وَقَصِّرْ حُمْ وَالْإِشْبَاعُ بُجِّلَا

ت:۔ (ما قبل کے وَالْقَصْرُ پر عطف ہے) اور تم ابن جماز و یعقوب کے لئے وَيَتَّقْهِ (نور ع۷) کی ھا میں قصر (عدم صلہ) کو مزین کر دو اور جمع کر لو۔ اور ابن وردان کے لئے ساکن کرو اور يَرْضَهُ لَكُمْ (زمر ع۱) میں سکونِ ھا ابن جماز کے لئے آیا ہے۔ اور یعقوب کے لئے قصر ہے (کالحفص) تم اس کے طالب ہو جاؤ۔ اور ابن وردان کے لئے اس میں صلہ معظم قرار دیا گیا ہے۔

دُرّہ کے معتبر نسخوں میں تو ابن جماز کے لئے وہی ہے جو اوپر مذکور ہوا، مگر بعض دوسرے نسخوں میں الفاظ اس طرح ہیں۔ كَيَتَّقْهِ وَامْدُدْ جُدْ اس طرح ابن جماز کے لئے صلہ ہے۔ (یہ فرق صرف ابن جماز کے لئے ہوگا نہ کہ یعقوب کے لئے بھی) صاحبِ الوجوہ المسفرہ علامہ شیخ محمد متولی نے اشارہ فرمایا ہے کہ دونوں وجہیں صحیح اور مقروء ہیں۔

۲۰۔ وَيَاْتِهٖ (دُ) اَ بِيُسْرٍ وَبِالْقَصْرِ طُهِّرْ وَارْ جِهِ بِهِنْ وَاَشْبِعْ جُدْ وَفِي الْكُلِّ فَانْقُلَا

ت:۔ اور يَاْتِهٖ (طٰہٰ ع۴ میں) یزید و روح کے لئے صلہ آیا ہے۔ اس میں آسانی ہے۔ اور (اس ھا کو) رویس کے لئے بالقصر طواف کرو (قصر ہے) اور اَرْجِهْ (اعراف ع۱۴ و شعراء ع۳) میں ابن وردان کے لئے بالقصر ظاہر کر دو۔ اور ابن جماز کے لئے بالصلہ عمدہ کر دو۔ اور خلف کیلئے سب کلمات میں صلہ ضرور نقل کر دو۔

۲۱۔ وَفِي يَدِهٖ اقْصُرْ طُهْ وَبِهِنْ تُرْزَقَانِهٖ وَهَا اَهْلِهِ قَبْلَ امْكُثُوا الْكَسْرُ فُصِّلَا

ت:۔ اور تم بِيَدِهٖ (بقرہ ع۳۲ و ع۳۳ مومنون و یٰس ع۵) میں رویس کے لئے بالقصر پڑھو، قائم رہو، اور تُرْزَقَانِهٖ میں (یوسف ع۵) ابن وردان کے لئے بالقصر ظاہر کر دو۔ اور اَهْلِهِ کی ھا کو جو امْكُثُوا سے پہلے ہے (طٰہٰ ع۱ قصص ع۴) خلف کے لئے کسرہ مفصل بیان کیا گیا ہے۔ (امْكُثُوا کی قید احترازی ہے اس کے علاوہ دیگر اَهْلِهٖ کو خارج کرنا ہے)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلْمَدُّ وَالْقَصْرُ

۲۲ وَمُدَّ هُمُ وَسِّطْ وَمَا انْفَصَلَ اقْصُرَنْ (ا) لِا (ح) جُزْ وَبَعْدَ الْهَمْزِ وَاللِّيْنَ (ا) حُ (ح) صِلَا

ت :- اور تم (متصل میں) تینوں ائمہ کے لئے مد کو بالتوسط پڑھو، اور مد منفصل میں یزید و یعقوب کے لئے ضرور قصر کرو باخبر ہو کر جمع کر لو۔ اور بعد الهمز (مد بدل) اور لین (متصل) جو ہیں دونوں یزید کے لئے بالقصر ہے، یہی اصل قرار دیا گیا ہے۔ خلف کے لئے متصل اور منفصل دونوں میں توسط ہے۔

اَلْهَمْزَتَانِ مِنْ كَلِمَةٍ

۲۳ لِثَانِيْهِمَا حَقِّقْ (بـ) هِمْيَنًا وَسَهِّلَنْ بِمَدٍّ (ا) نَّى وَالْقَصْرُ فِي الْبَابِ (ح) لِلَا

ت :- اور (همزتین من کلمۃ) کے دوسرے کو روح کے لئے بالتحقیق پڑھو، درانحالیکہ یہ بابرکت ہے۔ اور یزید کے لئے تسہیل مع الادخال ضرور کرو، جو آیا ہے۔ اور یعقوب کے لئے (ہمزتین من کلمۃ کے) پورے باب میں قصر جائز کر دیا گیا ہے۔ (ترکِ ادخال ہے پس روح کے لئے تحقیق محض، رویس کے لئے تسہیلِ محض ہے)

استفهام مفرد

۲۴ ءَاٰمَنْتُمْ اَخْبِرْ (طِ) بْ وَاِنَّكَ لَاَنْتَ (ا) ذْ ءَاَنْ كَانَ (ف) هُدْ وَاسْئَلْ مَعَ اَذْهَبْتُمْ (ا) ذْ (ح) لَا

ت :- تم رویس کے لئے ءَاٰمَنْتُمْ (اعراف ع طٰہٰ شعراء ع) کو ایک ہمزۂ اخباری سے پڑھ کر خوش ہو جاؤ، اور یزید کے لئے اِنَّكَ لَاَنْتَ (یوسف ع) کو ایک ہمزہ سے پڑھ کر قوی رہو رھود والا اجماعاً ہمزۂ واحدہ ہے، یوسف والا شہرت سے مفہوم ہوا ہے) اور (ن ع کے) ءَاَنْ كَانَ کو خلف کے لئے ایک ہمزہ سے پڑھ کر فائدہ حاصل کرو۔ اور یزید و یعقوب کے لئے اس کو مَعَ اَذْهَبْتُمْ (احقاف ع کے استفہام وسوال سے دو ہمزوں سے) پڑھو کیونکہ یہ شیریں ہو گیا ہے۔ (اس شعر میں استفہام مفرد کا ذکر تھا یعنی دو ہمزے ایک جگہ وارد ہو رہے تھے، اگلے شعر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں استفہام مکرر کا ذکر ہو رہا ہے۔ یعنی دو جگہ دو دو ہمزے آرہے ہیں۔

۲۵ وَآخْبِرْ فِي الْاُوْلٰى اِنْ تَكَرَّرَا ، ذَا سِوٰى ۔۔ اِذَا وَقَعَتْ مَعْ اَوَّلِ الذِّبْحِ فَاسْئَلَا

ت :- اور اگر ہمزۂ استفہام مکرر ہو تو یزید کے لئے کلمۂ اولیٰ میں (ہر جگہ) ایک ہمزہ اخباری پڑھو سوائے سورہ واقعہ (ع۲) اور سورہ ذبح (صفّٰت) کے موقع اول کے (ع۱) پس ان دونوں سورتوں میں برعکس اول کو ہمزۂ استفہام و سوال دو ہمزے سے پڑھو۔ اور ثانی کو ہمزۂ واحدہ (یزید ان دو سورتوں میں اپنی اصل کے موافق ہیں) اوّل الذبح میں اول کی قید احترازی ہے یعنی دوسرے موقع میں یہ حسب قاعدہ ہیں۔

۲۶ وَفِي الثَّانِ اَخْبِرْ حُطْ سِوَى الْعَنْكَبِ اعْكِسَنْ ۔۔ وَفِي النَّمْلِ لِاسْتِفْهَامِ حُطْ حُمْ فِيهِمَا كِلَا

ت :- اور یعقوب کے لئے (برخلاف یزید) تم ہر جگہ موقع ثانی میں ہمزۂ واحدہ اخباری سے احاطہ کرلو۔ سوائے عنکبوت (ع۲) کے کہ اس میں ضرور برعکس کر دو (اول میں ایک ثانی میں دو) اور سورۂ نمل (ع۶) میں یعقوب کے لئے دونوں میں دو ہمزے استفہامی ہیں تم اسے محفوظ کرلو۔

اَلْهَمْزَتَانِ مِنْ كَلِمَتَيْنِ

۲۷ وَحَالَ اتِّفَاقٍ سَهِّلِ الثَّانِ (ا) ذُ طَرًا ۔۔ وَحَقِّقْهُمَا كَالْاِخْتِلَافِ رُبُعِيُ وِلَا

ت :- ہمزتین فی کلمتین متفقتین کی حالت میں یزید، رویس کے لئے (ہر جگہ) ہمزۂ ثانیہ کو بالتسہیل پڑھو۔ یہ تسہیل دونوں سے نقلاً ثابت ہے (مختلف الحرکت میں دونوں حضرات اپنی اصلوں سے متفق ہیں) جیسے جَآءَ اَمْرُنَا۔ مِنَ السَّمَآءِ اِنَّ۔ اَوْلِيَآءُ اُولٰٓئِكَ وغیرہ اور تم روح کیلئے مختلفتین کی طرح متفقتین میں (بھی) دونوں ہمزوں کو بالتحقیق پڑھو۔ یہ قاری اتباعِ نقل کے باعث اس تحقیق کا محافظ ہے۔

اَلْهَمْزُ الْمُفْرَدُ

ہمزۂ مفردہ ساکن بھی ہوتا ہے متحرک بھی۔ ساکنہ کی تخفیف بذریعہ ابدال (جیسے تومنون) اور بذریعہ ابدال وادغام (جیسے وریًّا) بھی۔ متحرکہ میں تخفیف چار طرح ہوتی ہے ۱ نقل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جیسے قَدْ اَفْلَحَ ۲ ابدال جیسے مُوَجَّلًا ۳ تسہیل جیسے ءَاَمَنْتُم ۴ حذف جیسے مُسْتَھْزِءُوْن
متحرک بحرکات ثلثہ ہوتا ہے۔ ہمزہ مفتوحہ کے ماقبل کی چار صورتیں ہوتی ہیں ہمزہ مفتوحہ ماقبل
مفتوح جیسے رَاَیتَ ۲ ماقبل مکسور جیسے بِاَیْدِ ۳ ماقبل مضموم جیسے مُؤَجَّلًا ۴ ماقبل سکون
جیسے یَسْاَل جُزْءًا۔ ہمزہ مکسور ماقبل مکسور جیسے مُتَّکِئِیْن۔ ہمزہ مضموم ماقبل مفتوح و مکسور
جیسے لَمْ تَطَئُوْھَا اور المُنْشِئُوْن

۲۸ وساکنہ حقق (حِمْاہٗ و اَبْدِلَنْ (ا) ذَا غَیْرَ اَنْبِئْھُمْ وَ نَبِّئْھُمْ فَلَا

ت:۔ اور ہمزہ ساکنہ کو یعقوب کے لئے ہر جگہ بالتحقیق پڑھو، اس کی حفاظت ثابت ہے۔
اور یزید کے لئے اب تم ابدال ضرور کرو۔ سوائے اَنْبِئْھُمْ (بقرہ ع) نَبِّئْھُمْ (حجر ع قمر ع)
کے ابدال نہیں ہے۔

۲۹ وَرِئْیًا فَادْغِمْہُ کَرُءْیَا جَمِیْعِہٖ وَاَبْدِلْ یُؤَیِّدُ (جُھْدُ وَنَحْوُ مُؤَجَّلًا

۳۰ کَذَا اقْرِئْ اِسْتَھْزِءْ وَنَاشِئَۃً رِّئْیًا نُبُوِّیْ یُبَطِّئْ شَانِئَکَ خَاسِئًا (ا) لَا

۳۱ کَذَا امْلِئَتْ وَالْخَاطِئَۃُ مِائَۃٌ فِئَۃٌ فَاطْلِقْ لَہٗ وَالْخُلْفُ فِیْ مَوْطِئًا (ا) لَا

ت:۔ اور وَرِئْیًا اور اس جیسے اور تمام کلمات جیسے لِلرُّءْیَا رُءْیَاکَ وغیرہ کے ہمزہ کو یزید
کے لئے بعد ابدال بالادغام پڑھو۔ (ادغام انھیں الفاظ میں ہے نہ کہ تُؤْوِیْ میں بھی) اور
ہمزہ مفتوح بعد ضمہ فاء کلمہ میں ہو تو ابن جماز کیلئے یُؤَیِّدُ (آل عمران ع) بالابدال پڑھو۔
اور عمدگی اختیار کرو۔ اور مُؤَجَّلًا اسی طرح شعر ۳۰ کے آٹھوں کلمات میں پورے یزید کیلئے
ابدال ہے۔ تم آگاہ رہو یعنی یُؤَیِّدُ میں ابن وردان کا استثناء ہے اس کے بعد والوں میں
دونوں راوی شریک ہیں۔ اسی طرح شعر ۳۱ کے کلمات میں یزید کے لئے ابدال ہے البتہ
مَوْطِئًا میں یزید کے لئے خلف ہے تم اس سے آگاہ رہو (یہ تخفیف ماقبل والے حرف کی
حرکت کے اعتبار سے ہوگی)

۳۲ وَیَحْذِفُ مُسْتَھْزِءُوْنَ وَالْبَابَ مَعَ تَطَوْ یَطَوْ مُتَّکَا خَاطِیْنَ مُتَّکِیْ (ا) لَا

۳۳ کَمُسْتَھْزِیْ مُنْشُوْنَ خُلْفٌ (بِھَا وَجُزْ ءًا دْغِمْ کَھَیْئَۃِ وَالنَّسِیُّ وَسَہِّلَا

۳۴ اَرَیْتَ وَاِسْرَاءِیْلَ کَائِنْ وَمَدَّ (ا) ذُ مَعَ الّٰٓئِیْ ھَا اَنْتُمْ وَحَقِّقْھُمَا (حِـ) لَا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ف :۔ (ابدال کے بعد حذف کو یزید کے لئے بیان کر رہے ہیں) اور یہ (یزید) مُسْتَهْزِءُوْنَ اور باب (ہمزہ مضموم بعد کسرہ بعدہٗ واو کے تمام (ہمزوں) کو حذف کرتے ہیں (جیسے یَسْتَهْزِءُوْنَ، اَنْبِئُوْنِیْ وغیرہ اور واو کی حفاظت کے لئے ہمزہ سے پہلے حرف کے کسرہ کو ضمہ سے بدل دیتے ہیں) ساتھ ہی (لم) تَطَـُٔوْهَا (احزاب ۲۷ اَنْ تَطَـُٔوْهُمْ فتحا ۲۵ اور وَلَا) يَطَـُٔوْنَ (توبہ ۱۲۰) کو اور مُتَّكَـًٔا (یوسف ۳۱) کو بھی (حذف کرتے ہیں (مگر باب مُسْتَهْزِءُوْنَ کی طرح ان میں ہمزہ سے پہلے حرف کو ضمہ نہیں دیتے بلکہ فتحہ ہی باقی رکھتے ہیں اسی طرح ہمزہ مکسورہ بعد کسرہ میں سے) خٰطِئِیْنَ (یوسف ۲۹، ۹۱، قصص ۸) مع مُتَّكِئِیْنَ بھی محذوف ہے، تم باخبر رہو۔ ایسے ہی اَلْمُسْتَهْزِئِیْنَ (حجر ۹۵ والصّابِئِیْنَ بقرہ ۶۲) بھی ہے (اور) اَلْمُنْشِئُوْنَ میں ابن وردان کا خلف ظاہر ہوا ہے۔ اور (ہمزہ متحرک بعد ساکن کا بیان) تم جُزْءًا (بقرہ ۲۶۰ زخرف ۱۵) جُزْءٌ (حجر ۴۴) اور (كَهَيْئَةِ (الطَّائِرِ آل عمران ۴۹ مائدہ ۱۱۰) اور (اِنَّمَا) النَّسِيْءُ (توبہ ۳۷) کا (ابدال کے بعد) ادغام کرو اور تم یزید کے لئے (ہر جگہ) اَرَءَيْتَ (اَفَرَءَيْتَ وغیرہ) اور اِسْرَآءِيْلَ (اور وَ) كَاَيِّنْ (فَكَاَيِّنْ) ساتھ ہی (الّٰٓـئِیْ، هٰٓاَنْتُمْ کو ضرور بالتسہیل پڑھو، (اور کَاَیِّنْ فَکَاَیِّنْ میں مد بھی کرو اسی طرح اِسْرَآءِیْلَ اور اَلّٰٓـئِیْ میں بھی تسہیل مع المد والقصر کرو) اور تم یعقوب کے لئے ان دونوں (اَلّٰٓـئِیْ اور هٰٓاَنْتُمْ کے ہمزہ) کو بالتحقیق پڑھو۔ یہ (تحقیق ہمزہ) شہیر ہے

اَلّٰٓـئِیْ میں وصلاً یا وقف بالروم کی صورت میں تسہیل ہوگی، وقف بالاسکان میں صرف یاء ساکنہ سے ابدال ہے۔

۳۵ لِئَلَّا (۱) جُدْ بَابَ النُّبُوَّةِ وَالنَّبِیْ   ئِیْ اَبْدِلْ وَالذِّئْبُ (ا) بْدِلْ فَنَجْمَلَا

ف :۔ تم یزید کے لئے لِئَلَّا کو بالتحقیق پڑھ کر عمدہ بنادو۔ اور اَلنُّبُوَّةِ کے باب (کے سارے کلمات کے ہمزہ) کو بھی الخفیں کے لئے بالابدال پڑھو۔ (ابدال کے بعد ادغام ظاہر ہے۔ سوائے لفظ اَنْبِيَآءِ کے کہ اس میں صرف ابدال ہے) اور اَلذِّئْبُ (یوسف ۱۳، ۱۴، ۱۷ کے تینوں جگہ ہمزہ) کو خلف (اور یزید) کے لئے بالابدال پڑھو تاکہ (یہ لفظ بہ سبب تخفیف) خوبصورت ہو جائے (باقی اس باب میں ہمزہ کی جملہ اقسام میں خلف کے لئے تحقیق ہے۔ صرف اَلذِّئْبُ میں ابدال ہے)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلنَّقْلُ وَالسَّکْتُ وَالْوَقْفُ عَلَی الْھَمْزِ

۳۶؎ وَلَا نَقْلَ اِلَّا الْاٰنَ مَعَ یُوْنُسٍ (بِھَدْ) اُ وَرِدْ اَبْدِلْ (دا) اُمَّ مِلْءُ بِہٖ انْقُلَا

ت:- اور نقل صرف آلئٰنَ میں مع یونس کے (آلئٰنَ) صرف ابن وردان کے لئے ظاہر ہوگیا ہے۔ (آٹھوں مواقع میں دُرّہ کے طریق سے، مگر طیبہ سے یونس کے دونوں میں صرف نقل اور باقی چھ میں نقل و ترک نقل کا تخصص ہے) (اور مِعیَ) رِدْءًا (قصص ع) میں یزید کے لئے ہے اور اس میں یزید کے لئے وصلاً و وقفاً دال کی تنوین کو الف سے بدل بھی دو یہ نقل و ابدال بالقصد ہیں۔ (اور) مِلْءُ الْاَرْضِ (آل عمران ع) میں ابن وردان کے لئے ضرور نقل کرو (دُرّہ سے)

۳۷؎ مِنْ اِسْتَبْرَقٍ (طِیبٌ) وَسَلْ مَعْ فَسَلْ (فِ) ھُنَا وَحَقِّقْ ھَمْزَ الْوَقْفِ وَالسَّکْتَ اَھْمَلَا

ت:- مِنْ اِسْتَبْرَقٍ رویس کے لئے (نقل کے ساتھ) خوشبو والا ہے۔ اور (صیغہ امر آؤ اور فا کے ساتھ) وَسَلْ اور فَسَلْ خلف بزار سے بالنقل ظاہر ہوا ہے۔ اور وقف علی الہمز میں ہر جگہ تحقیق سے پڑھا ہے اور سکتہ کہیں نہیں کیا ہے۔

اَلْاِدْغَامُ الصَّغِیْرُ

۳۸؎ وَاَظْھِرْ اِذْ مَعْ قَدْ وَتَاءِ مُؤَنَّثٍ (ا) لَا (حُ) ھُزْ وَعِنْدَ الثَّاءِ لِلتَّاءِ (ف) ھُ صِلَا

ت:- اور یزید و یعقوب نے ذال اِذْ اور دال قَدْ اور تاء تانیث (تینوں کو) بالاظہار پڑھا ہے (یزید ذال اذ میں اپنی اصل کے موافق ہیں) تم اس سے باخبر ہو کر جمع کرلو۔ اور ثاء سے پہلے تاء تانیث کو خلف نے بالاظہار پڑھا ہے، یہ مفصل بیان کیا گیا ہے۔ (خلف باقی میں اپنی اصل کے موافق ہیں)

۳۹؎ وَھَلْ بَلْ (فِ) ھِنَّ ھَلْ مَعْ تَرٰی وَلَبِثْ بِفَا نَبَذْتُ وَکَاغْفِرْ لِیْ بُرُدْ صَادِ (حُ) ھُوْلَا

ت:- اور خلف کے لئے لام ھَلْ (کا تاء، ثاء) اور بَلْ (کا تاء، ثاء، سین اور ظاء) سے پہلے اظہار جوان (اور مضبوطی قراءت) ہے اور یعقوب کے لئے لام ھَلْ (کا اظہار) تَرٰی (ملک ع، حاقہ ع)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے ساتھ اور بآر (مجزومہ) کا فآر سے پہلے (یہ پانچ مواقع میں ہے) اور فَنَبَذْتُهَا (طٰہٰ میں ذال کا تا میں) اور مثل اِغْفِرْ لِیْ کے (جن میں رآ مجزومہ کے بعد لام واقع ہو) جیسے اَنِ اشْكُرْ لِیْ وغیرہ) یُرِدْ (آل عمران ۵ میں دونوں جگہ دآل کا ثآ میں اور) صاد (ذِكْرُ رَحْمَتِ مریم ۱ میں دآل کا ذآل میں) یعقوب نے (ان سب کو اظہار کی طرف) محوّل اور منتقل کر دیا ہے

٢٠ اَخَذْتُ (طِـ)ـبْ لا اُورِثْتُمُوْهَا (حُـ)ـجُهُوْ (فَـ)ـهُدُ لَبِثْتُ عُذْ ..... هُمَا وَادَّغِمْ مَعْ عُذْتُ (اَ)بْ ذَا اَعْكِسْ (اَ)حْفِلا

ت:۔ (باب) اَخَذْتُ میں رُوَیس کے لئے (ذآل کا اظہار) زریں ہے۔ (اسی طرح) اُوْرِثْتُمُوْهَا (اعراف ۵ زخرف ۷) یعقوب وخلف کے لئے تم اس کے طالب بن کر فائدہ حاصل کرو (اور) لَبِثْتُ (میں بھی اظہار) انہیں دونوں سے ہے۔ اور تم یزید کے لئے لَبِثْتُ کو مع عُذْتُ (مؤمن ۳ دخان ۱) کے ادغام کرو، اور رغبت کے ساتھ رجوع کرو۔ اور یعقوب کے لئے اس کو عُذْتُ دونوں جگہ) ضرور اس کے برعکس (بالاظہار) پڑھو، درانحالیکہ تم صاحب حسن ہو۔

٢١ وَكَيٰسِيْنَ نُوْنَ اَدْغِمُوْا (فِـ)ـدًا (حُـ)ـطْ وَسِيْنُ مِيْمِ ..... (جِـ)ـرْ (فُـ)ـهْ يَلْهَثْ اَظْهِرْ (اِ)ذْ فِيْ اِرْكَبْ (فَـ)ـهِـ شَا (اَ)لَا

ت:۔ اور تم خلف اور یعقوب کے لئے یٰسٓ (والقرآن) اور نٓ (والقلم) کو وآو میں ادغام کرو، درانحالیکہ تم فدا ہونے والے ہو (اور) تم محفوظ کر لو۔ اور طٰسٓمٓ (شعرا، قصص) کا سین کا میم میں خلف (ویعقوب) کے لئے ادغام کر کے کامیابی حاصل کرو (یزید کے لئے حروف مقطعات میں سکتہ ہے جیسا کہ آئندہ آئیگا) اور یَلْهَثْ (کی ثآر کا ذآل میں اعراف ۲۲) کو یزید نے بالاظہار پڑھا ہے۔ تم (تحفظ قرارت کے لئے قوی رہو۔ اور اِرْكَبْ مَّعَنَا میں اظہار یزید وخلف کے لئے ظاہر ہو گیا ہے۔ تم خبردار رہو۔

اَلنُّوْنُ السَّاكِنَةُ وَالتَّنْوِيْنُ

٢٢ وَغُنَّةٌ يَا وَالْوَاو (فُـ)ـهْ وَبِغَيْنِ خَا (اَ)ثْ ..... لُ الْاِخْفَا سِوٰى يُنْغِضْ يَكُنْ مُّنْخَنِقْ (اَ)لَا

ت:۔ اور (نون ساکن وتنوین کا) یآ اور وآو (میں) کا ادغام مع غنہ کے ذریعہ خلف کے لئے کامیابی حاصل کرو۔ اور یزید کے لئے (نون ساکن وتنوین کا) اخفاء غین وخآر میں ہر جگہ پڑھو سوائے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَسَیُنْغِضُوْنَ (اسراء ع۵ اور) اِنْ یَّکُنْ (غَنِیًّا نساء ع۲۰ اور) وَالْمُنْخَنِقَةُ (مائدہ ع۱) کے۔
(کہ ان تینوں کلمات میں مثل دیگر حضرات کے بالاظہار ہی ہے۔) تم اس سے بھی خبردار رہو

اَلْفَتْحُ وَالْاِمَالَةُ

۴۳ وَبِالْفَتْحِ قَهَّارِ الْبَوَارِ ضِعَافًا مَعْ ..... هُ عَیْنُ الثُّلَاثِیْ رَانَ شَاءَ جَاءَ مُیِّلَا
۴۴ کَالْاَبْرَارِ وَیَا اللَّامِ تَوْرٰیةِ رُفِّهَدُوْ لَا   تُمِلْ حُزْ سِوٰی اَعْمٰی بِسُبْحٰنَ اُوْ لَا

ت:- اور اَلْقَهَّارِ (ابراہیم ع۷ مومن ع۲) اَلْبَوَارِ (ابراہیم ع۵) ضِعٰفًا (نساء ع۲) یہ تینوں کلمات خلافِ اصل) بالفتح ہیں خلف کے لئے۔ نیز ثلاثی (مجرد کے افعالِ عشرہ ماضیہ میں سے تین کے علاوہ سات بھی بالفتح ہیں)، تین کلمات (رَانَ شَآءَ جَآءَ کے عین کلمہ (یعنی الف) میں خلف نے امالہ کیا ہے۔ اسی طرح اَلْاَبْرَارِ (اَلْاَسْرَارِ قَرَارٍ) جیسے کلمات، ذُوْ یا معرف باللام والا، اور تورٰىة (جہاں کہیں آئے) میں خلف نے امالہ کیا ہے۔ تم فائدہ حاصل کرو (باقی دیگر امالہ کے کلمات میں خلف اپنی اصل کے موافق ہیں جیسے عَسٰی، عِیْسٰی، مُوْسٰی وغیرہ) اور یعقوب کے لئے سوائے (لفظ) اَعْمٰی جو (سورہ اسراء) سُبْحٰنَ الَّذِیْ کا پہلا کلمہ ہے اور کہیں امالہ نہ کرو (اسے اپنے ذہن میں) جمع کرلو (سُبْحٰنَ کی قید احترازی ہے)

۴۵ وَطٰهٰ لُ کٰفِرِیْنَ الْکُلُّ وَالنَّمْلُ حُطْ وَیَا   ءُ یٰسِیْنَ رُبْهِمْ وَافْتَحِ الْبَابَ رَاذُعَلَا

ت:- اور رویس کیلئے کٰفِرِیْنَ (یاء والے) کے تمام کلمات (نکرہ ہوں یا معرفہ) بالامالہ ہیں۔ (خدا کرے علمی فیوض کا سلسلہ) تمہارا دراز ہو۔ اور سورۂ نمل کا امالہ (مِنْ قَوْمٍ کٰفِرِیْنَ ع۲) پورے یعقوب کیلئے ہے تم اسے احاطہ کر کے محفوظ کرلو (اور یٰسٓ کی یاء کا امالہ صرف روح کیلئے بابرکت ہے ان چار الفاظ کے علاوہ یعقوب کیلئے باب امالہ کی جملہ اقسام میں فتحہ ہے) اور یزید باب امالہ میں ہر جگہ فتحہ سے پڑھو (کہیں امالہ نہیں) کیونکہ یہ فتحہ بلند ہو گیا ہے (کیونکہ یہ موافق ہے اصل کے)

اَلرَّاءَاتُ وَاللَّامَاتُ وَالْوَقْفُ عَلَی الرَّسْمِ

۴۶ کَقَالُوْنَ رَاءَاتٍ وَّلَامَاتِ بِنْ رَا تَلٰهَا   وَقِفْ یَا اَبَتْ بِالْهَاءِ لَاحُسْوَ لَوْ حَلَا

ت:- تم راءات اور لامات کو یزید کے لئے قالون کی طرح پڑھو (نہ کہ ورش کی طرح) اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یَا اَبَہْ کو بزید و یعقوب کے لئے بالہا وقف کرو۔ ہر جگہ۔ تم اس وقف سے باخبر رہو اور اس کے پیاسے (طالب) بن جاؤ۔ اور لِمَ (بھی بالہا وقف ہے) یعقوب کے لئے شیریں ہو گیا ہے

۵۳ وَسَائِرُھَا کَالْبَزِّ مَعْ ھُوَ وَھِیَ وَعَنْ ..... ہُ نَحْوُ عَلَیْھِنَّہْ اِلَیْہِ رَوَی الْمَلَا

ت:۔ اور اس (لِمَ) کے باقی الفاظ (فِیْمَ، بِمَ، مِمَّ، اور عَمَّ بھی یعقوب کیلئے) بزی کی طرح (بزیادتی ھا) ہیں یہ ھُوَ اور ھِیَ کے ساتھ ہیں۔ اور انھیں یعقوب سے عَلَیْھِنَّہْ اور اِلَیَّہْ جیسے کو بھی اشراف نے روایت کیا ہے، اس سے مراد ھُنَّ ھِنَّ کی ضمیر مؤنث غائب ہے اور یاء متکلم مشدد جیسے فِیْھِنَّہْ اِلَیْھِنَّہْ بِھِنَّہْ اور لَدَیَّہْ بِیَدَیَّہْ بِمُصْرِخِیَّہْ اور ھُوَہْ ھِیَہْ

۵۴ وَدُوْنَ نُدْبَۃٍ مَعْ ثَمَّ رَطْبٌ وَلَھَا اَحْذِفَنْ بِسُلْطَانِیَہْ مَالِیْ وَمَاھِیَ مُوْصِلَا

ت:۔ اور حسرت و افسوس کے الفاظ (جیسے یٰوَیْلَتٰی، یٰحَسْرَتٰی، یٰاَسَفٰی) مع ثَمَّ کے (ان میں ہا کی زیادتی) اردیس کے لئے ہے تم اس سے خوش ہو جاؤ، اور بحالتِ وصل یعقوب کے لئے (رمز اگلے شعر میں ہے) سُلْطَانِیَہْ، مَالِیَہْ اور مَاھِیَہْ میں ہا کو ضرور حذف کردو

۵۵ رِجَمَاہٗ وَاَثْبِتْ رِفْھُ کَذَا الْحَذْفُ کِتَابِیَہْ حِسَابِیَہْ نَسَقْ اقْتَدِہْ لَا الْوَصْلَ رَجَعْفَلَا

ت:۔ اس (حذف کی ناقلین کی طرف سے) حمایت ہے۔ اور خلف کے لئے (ان تینوں میں وصلاً) ہا کو ثابت رکھ کر کامیاب ہو جاؤ، اور اسی طرح یعقوب کے لئے کِتَابِیَہْ حِسَابِیَہْ، کو یَتَسَنَّہْ اور اِقْتَدِہْ کو وصلاً (حذف) اور انعام یہ سُلْطَانِیَہْ سے اِقْتَدِہْ تک نو کلمات (حذفِ ھا کر یہ دکتبِ فن میں) جمع شدہ ہے۔

۵۶ وَاَیًّا بِاَیًّا مَّا رَطْھُوَیْ وَبِمَا رَفِہْدًا وَبِالْیَاءِ اِنْ تُحْذَفْ لِسَاکِنٍ رَحْلَا

ت:۔ اور رویس کے لئے (اسرارع) اَیًّا مَّا میں اَیًّا ہے (وقفاً نہ کہ وقف مَا پر) انھوں نے اسی طرح وقفاً محفوظ کیا ہے۔ اور خلف (یزید ورَوح) کے لئے مَا پر وقف کرو در انحالیکہ تم فدا ہونے والے ہو (باتباع رسم دونوں پر وقف سب کے لئے صحیح ہے) اور اگر اجتماع ساکنین کی وجہ سے (لام کلمہ کی یا) حذف ہو جائے تو یعقوب کے لئے باثبات یا وقف کرو، یہ وقف شیریں ہو گیا ہے۔ (بشرطیکہ وہ دوسرا ساکن لام تعریف ہو نہ کہ تنوین)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵۱ کَتُغْنِ النُّذُرُ مَنْ یُّؤْتِ وَاکْسِرُوْ لَامَ مَا ۔ لِ مَعْ وَیْکَاَنَّہٗ وَیْکَانَ کَذَا اتْلَا

ت:- جیسے (فَمَا) تُغْنِ النُّذُرُ (قمر ع)، مَنْ یُّؤْتِ الْحِکْمَۃَ) بقرہ ع ۳) اور تم (یُؤْتِ کی تار کو) کسرہ بھی دو۔ اور انھوں (یعقوب) نے بھی فَمَالِ (ھٰؤُلَاءِ نساء، کہف، فرقان اور معارج کے لام کو وَیْکَاَنَّہٗ اور وَیْکَانَ سمیت اسی طرح (موافق رسم) پڑھا ہے۔ (تینوں ائمہ نے ایسے ہی پڑھا ہے نہ کہ کسائی اور بصری کی طرح)

بَابُ یَاءَاتِ الْاِضَافَۃِ

۵۲ کَقَالُوْنِ اِذْ، دُلِیْ دِیْنِ سَکِّنْ وَاِخْوَتِیْ ۔ وَرَبِّیْ افْتَحْ دُاْ، صُلًا وَاسْکِنِ الْبَابَ رُحَّلَا

۵۳ سِوٰی عِنْدَ لَامِ الْعُرْفِ اِلَّا النِّدَا وَغَیْ ۔۔۔۔۔ رُمَحْیَایَ مِنْ بَعْدِیْ اسْمُہٗ وَاحْذِفَا وَلَا

۵۴ عِبَادِیْ لَا یَحْسُوْ وَقَوْمِیْ افْتَحَا لَہٗ ۔ وَقُلْ یٰعِبَادِیْ رُطَبْ رَفَھْشَا وَلَہٗ وَلَا

۵۵ لَدٰی لَامِ عُرْفٍ نَحْوُ رَبِّیْ عِبَادِیَ لَا الَّذٖ ۔۔۔۔۔ بَدَا مَسَّنِیْ اٰتَانِ اَھْلَکَنِیْ مَلَا

ت:- تمام یاراتِ اضافات یزید کے لئے مثل قالون کے ہیں۔ تم قوی رہو (لیکن چھٹی قسم کی یارات میں سے) وَلِیَ دِیْنِ میں (بخلاف قالون کے) ساکن پڑھو۔ اور (دوسری قسم میں سے) اِخْوَتِیْ اِنَّ یوسف ع) اور رَبِّیْ (فصلت ع) کو مفتوح پڑھو۔ یہی اصلی ہے۔ اور یعقوب کے لئے تم اس باب کی جملہ یارات کو ساکن پڑھو یہی منقول ہے۔ سوائے لام تعریف کے پاس کی (یار جو چوتھی قسم ہے کہ ان کے لئے فتحہ ہے) سوائے ندا والی (یارات) کے (جیسے یٰعِبَادِ الَّذِیْنَ زمر و عنکبوت) اور سوائے وَمَحْیَایَ (انعام ع جو چھٹی قسم میں سے ہے) اور مِنْ بَعْدِی اسْمُہٗ (صف ع) کے (جو پانچویں قسم سے ہے کہ) بجائے سکون کے فتحہ ہے اور وَمَالِیَ یٰسٓ ع بھی) اور تم پیروی رسم میں روح (وخلف) کے لئے یٰعِبَادِیَ لَا زخرف ع کی یا) کو (حالین میں) ضرور حذف کر دو۔ یہ حذف بلند ہوتا ہے۔ اور (پانچویں قسم میں سے) قَوْمِیْ (اتَّخَذُوْ) کو روح کے لئے ضرور بالفتح پڑھو، اور قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ ابراہیم کی یار) کو رویس و خلف کیلئے مفتوح پڑھ کر خوش ہو جاؤ۔ یہ بھی مشہور ہوا ہے۔ اور ان (خلف) کے لئے لام تعریف سے قبل (کی یارات میں فتحہ پڑھنے والوں) کی موافقت ہے جیسے رَبِّیَ الَّذِیْ (وغیرہ) اور عِبَادِیَ الَّذِ ...

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وغیرہ چوتھی قسم کی جملہ یاآت کو سوائے مَثْوَایَ اور اِنِّیْ اَهْلَکَنِیَ کے البتہ مدّ والی نہیں ہیں جو عنکبوت وزمر میں ہیں انھیں خلف نے فتحہ والوں کی موافقت نہیں کی ہے بلکہ اصل کی طرح سکون وحذف سے پڑھا ہے۔ ملاً (یعنی اس وجہ نے قرار کا سینہ خوشی سے) بھر دیا ہے۔

بَابُ یَاءَاتِ الزَّوَائِدِ

٥٦ وَتَثْبُتُ فِی الْحَالَیْنِ لَا یَتَّقِیْ بِیُوْ | سُفٍ وَهُوَ زَکِّ وَلَیْسَ الْاٰتِیْ وَدًا لِحَبْرٍ مُوَصَّلًا
٥٧ یُوَافِقُ مَا فِی الْحِرْزِ فِی الدَّاعِ وَاتَّقُوْ | نِ تَسْئَلْنِ تُؤْتُوْنِیْ کَذَا اخْشَوْنِ مَعْ وَلَا
٥٨ وَاَشْرَکْتُمُوْنِ الْبَادِ تُخْزُوْنِ قَدْ هَدٰ | نِ وَاتَّبِعُوْنِیْ ثُمَّ کِیْدُوْنِ وُصِّلَا
٥٩ دَعَانِیْ وَخَافُوْنِیْ وَقَدْ زَادَ فَاتِحًا | یُرِدْنِ بِحَالَیْهِ وَتَتَّبِعَنْ (اَ) لَا

ن ہ اور یعقوب کے لئے (درمیانی) آیات زوائد رؤس آیات والی (یاآت) کی طرح وقفاً ووصلاً ہر جگہ ثابت رہتی ہے سوائے مَنْ یَّتَّقِ سورہ یوسف (ع) ہیں (کہ یہ حالین میں محذوف ہے مستثنیٰ ہے) اسے جمع کر لو۔ اور عالم ماہر یزید وصلاً اَلدَّاعِ (بقرہ ع ۲۳ قمر ع) وَاتَّقُوْنِ (بقرہ ع ۲۵) فَلَا تَسْئَلْنِ (ہود ع) تُؤْتُوْنِ (یوسف ع) ایسے ہی وَاخْشَوْنِ (مائدہ ع) مَعْ وَلَا تَشْتَرُوْا کے اور اَشْرَکْتُمُوْنِ (ابراہیم ع) اور وَالْبَادِ (حج ع) اور وَلَا تُخْزُوْنِ (ہود ع) اور وَقَدْ هَدٰنِ (انعام ع) اور وَاتَّبِعُوْنِ (زخرف ع) اور کِیْدُوْنِ (اعراف ع ۲۴) اور دَعَانِ (بقرہ ع ۲۳) اور خَافُوْنِ (آل عمران ع ۱۸) ان چودہ یاآت کے اثبات میں (مع ان قیود وشرائط ان کے مطابق جو شاطبیہ میں ہیں) ابو عمرو بصری کی موافقت کرتے ہیں۔ (یعنی شاطبیہ میں بصری کے لئے جس سورت کے جس کلمہ میں اثبات ہے یزید کے لئے اسی کلمہ میں اثبات ہوگا مثلاً تُخْزُوْنِ سورہ ہود والا مراد ہے نہ کہ سورہ حجر والا۔ اسی طرح اَلدَّاعِ اِذَا دَعَانِ میں اثبات ہی ہے نہ کہ دونوں وجوہ) یہ اثبات اسی طرح پہنچایا گیا ہے (اسے خوب سمجھ لیں) اور بلاشبہ یزید نے یُرِدْنِ کے (الرحمٰن یٰس ع) اور (اَلَّا) تَتَّبِعَنِ کے (طٰہٰ ع) کو (وصلاً) فتحہ (اور وقفاً سکون) سے پڑھتے ہوئے دونوں حالتوں میں (یعقوب سے زیادہ کیا ہے۔ تم اس زیادتی سے باخبر رہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۵ تلاق التناد یہن عبادی اتقوا طہما   دعاء را، تل واحذف مع تمد لونی دفہلا

ت :- تم یوم التلاق اور یوم التناد (کی اثبات یا) کو ابن ذردان (ویعقوب) کے لئے ظاہر کردو اور رویس کے لئے فاتقون کے پاس والے یعباد ی (زمرعٗ) کی یار کا اثبات صاحب علو کی قرارت ہے۔ اور دعائے (ابراہیم ع) کو (وصلاً) یزید کے لئے بااثبات یا پڑھو۔ اور تم خلف کے لئے اس (دعآء کی یار کو مع اتمدونن کے حذف کردو۔ یہ اثبات سے) جدا ہوگیا ہے (خلف کے لئے اس باب میں صرف حذف ہے کسی یار زائدہ میں اثبات نہیں ہے)

۱۶ واتن نبی یہسرو وصل وتمت ال   اصول بعون اللہ درت امفصلا

